ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔

فون:۔ 02199212639

پریس ریلیز

کراچی 18 دسمبر 2018ء:۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے لاڑکانہ میں مبینہ طور پر پولیس آفیسر اور اسکے بھائی کے ہاتھوں غیرت کے نام پر شادی شدہ نوجوان کے قتل اور اسکے اہل خانہ کو دھمکیاں دینے کے حوالے سے میڈیا رپورٹس پر ڈی آئی جی لاڑکانہ سے جامع انکوائری اور تمام تر محکمانہ اقدامات پر مشتمل رپورٹ فوری طور پر طلب کرتے ہوئے ہدایات جاری کی ہیں کہ تفتیش تحقیق اور پوچھ گچھ کے جملہ امور کو مؤثر بنا کر مقتول کے ورثاء کو انصاف کی فراہمی کے ساتھ ساتھ انکے تحفظ کو بھی یقینی بنایا جائے۔

:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔